لاچار حسینا بے یار حسینا

لاچار حسینا بے یار حسینا
اے بیکسوں کے قافله سالار حسینا

قربان گئي دیکھو تو کیا پشت بہن کي
نوکوں سے سنانوں کے ھے افگار حسینا

وه خنجرِ بے پیر کجا وائے مقدر
اور بوسه گهِ احمدِ مختار حسینا

ماں بیٹھنے دے مکھي نه جِس جسم کے اور
اُس جسم پر یوں تیروں کي بوچھار حسینا

درّانه عدو بے ادبانه هوئے داخل
گھر فاطمه کا هو گیا بازار حسینا

آدم صفي الله سے تا عیسیٰؑ دوران
ایسي نه لُٹي تھي کوئي سرکار حسینا

بل کھائے نه کیون دل میرا جب نوک سنان سے
بندھ جائے تیرے گیسوئے خمدار حسینا

مان بهنو کے اونٹون کا بنا کون شتربان
عابد کے سوا صاحبِ ازار حسینا

خود رفته متین غم سے هے تو کیا عجب اسکا
اِس غم سے تو ٹکڑے هوئے کهسار حسینا